# 37887- بیوی سے خوش طبعی کرتے ہوئے انزال ہوگیا

## سوال

میں نے رمضان میں دن کے وقت روزے کی حالت میں بیوی سے خوش طبعی کی حتی کہ انزال بھی ہوگیامجھے علم نہیں کہ بیوی کو بھی ہواکہ نہیں لیکن مجھے شدید قسم کا افسوس اوراحساس ہے کہ ہم نے ایک عظیم جرم کا ارتکاب کیا ہے توکیا واقعی ہم پر کوئی گناہ ہے ، اوراگر ہے تواس کا کفارہ کیا ہوگا ؟

## پسندیدہ جواب

آپ نے انزال ہونے تک بیوی سے خوش طبعی کرکے جرم عظیم کا ارتکاب کیا ہے ، اوراس فعل سے آپ نے اپنا روزہ بھی باطل کیا اورماہ رمضان کی حرمت بھی پامال کی اوراس روزے کے اجروثواب بھی محروم ہوگئے جس کے بارہ میں فرمایا ہے :

(وہ میری وجہ سے اپنی شھوت اورکھانا پینا ترک کرتا ہے ) صحیح بخاری حدیث نمبر (1761) ۔

آپ کا اس فعل پرافسوس اوراظہارندامت توبہ ہی ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے :

(ندامت توبہ ہے ) مسنداحمد حدیث نمبر (3558) سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (4252) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ابن ماجہ (3429) میں اسے صحیح قرار دیا ہے ۔

انزال ہونے کی وجہ سے آپ کا اس دن کا روزہ بھی باطل ہوچکا ہے اس لیے آپ اس دن میں غروب شمس تک کچھ بھی نہ کھائيں پیئيں اوراس کے بدلے میں روزہ کی قضاء کریں گے ۔

کفارہ کے متعلق گزارش یہ ہے کہ اگر آپ نے بیوی سے جماع کیا ہے توآپ پرکفارہ ہوگا کہ آپ یا توغلام آزاد کریں اگراستطاعت نہیں تودوماہ کے مسلسل روزے رکھنا یا پھر ساٹھ مسکینوں کوکھانا کھلانا ۔

آپ مزید تفصیل کے لیے سوال نمبر (22938) کے جواب کا مطالعہ کریں ، لیکن اگر جماع کے بغیر ہی انزال ہوا ہے توپھر آپ پرکفارہ نہیں بلکہ صرف قضاء ہوگی ۔

امام نووی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

جب کوئی شخص اپنی بیوی سے روزہ کی حالت میں بوس وکنار کرلے یا فرج کے علاوہ مباشرت کرلے یا اپنے ہاتھ سے بیوی کے جسم کوچھولے اوراس کا انزال ہوجائے تواس کا روزہ باطل ہوجائے گا ، لیکن اگرانزال نہیں ہوتا توپھر روزہ صحیح ہوگا ۔

دیکھیں : المجموع (322/6) ۔

شیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے :

جب کوئی مرد اپنی بیوی سے مباشرت کرے چاہے وہ ہاتھ سے کرے یا پھر بوس وکنار سے یا فرج کے ساتھ جماع کے بغیر اوراس صورت میں اگرانزال ہوجائے تواس کا روزہ ٹوٹ جائے گا ، لیکن اگرانزال نہ ہوتوروزہ نہیں ٹوٹے گا ۔ دیکھیں : الشرح الممتع (388/6) ۔

یہ حکم آپ اور آپ کی بیوی کے لیے ہے اور اگر بیوی کا بھی اس خوش طبعی سے انزال ہوگیا تو اس کا بھی روزہ فاسد ہوگیا، لهذا اس پر بھی اس دن کی قضاء اور اس فعل سے توبہ لازمی ہے، لیکن اگر انزال نہیں ہوا تو پھر اس پر کچھ نہیں۔

واللہ اعلم.